
© rasailojaraid.com






**آب حیات** | تالیف۔ حضرت العلامہ مولانا محمد قاسم نانوتویؒ بانی دارالعلوم دیوبند۔ صفحات ۲۰۰۔ قیمت ۳۰؍۔

پتہ: ادارہ تالیفات اشرفیہ۔ ریلوے روڈ ملتان۔ پاکستان۔

آب حیات حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ کی تصنیفات میں سب سے زیادہ عمیق، دقیق معارف، اور لطائف کا گنج گمراں مایہ، معرکۃ الآراء اور اردو میں ہونے کے باوجود اصعب ہے۔ اور بقول شیخ مدنیؒ حضرت نانوتویؒ نے یہ کتاب علماء کے امتحان کے لئے لکھی ہے۔ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ کے ایماء اور تحریک پر مسئلہ حیات النبیؐ پر "آب حیات" کے نام سے آپ اس کتاب کے مضامین میں نقلیات کے ساتھ عقلیات کا بھی ایک معتد بہ حصہ لے آتے ہیں اپنے موضوع پر لاجواب، مکمل اور نفیس بحث کی ہے۔ کما حقہٗ کتاب کو سمجھنے والا وہی خوش نصیب ہو سکتا ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے عقائد حقہ اور ان کے دلائل سے پوری باخبری دی ہو۔ مذہب شیعہ سے آگاہی، علوم و فنون بالخصوص عقلیات میں درک کامل، مستقل مزاجی، مطالعہ کی عادت، ذہن و ذکاوت، للہیت و روحانیت اور کشف و کرامت سے مناسبت کی دولت سے بھی مالامال ہو۔ کتاب کے متعدد ایڈیشن شائع ہونے رہے مگر اب تک اس کی تبویب و تسہیل کی طرف کسی کی توجہ نہیں ہو سکی۔ لعل اللہ یحدث بعد ذالک امرا۔ (الایۃ)

ادارہ تالیفات اشرفیہ نے مطبع قدیمی دہلی سے طبع شدہ کتاب کا فوٹو لے کر پاکستان میں پہلی بار شائع کر قاسمی علوم و معارف کا یہ گراں مایہ خزینہ اسلامیان پاکستان کے ہاتھوں پہنچا دیا ہے۔ (عبدالقیوم حقانی)

**نورستان** | مؤلف، جناب حکیم محمد سعید صاحب، صفحات ۵۴۴۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن ۱۵۰ روپے، عام ایڈیشن ۵۰ روپے۔

پتہ۔ ہمدرد فاؤنڈیشن پریس۔ ہمدرد سنٹر۔ ناظم آباد کراچی ۱۸۔

"نورستان" حکیم محمد سعید صاحب کی ان نشری تقاریر کا مجموعہ ہے جو انہوں نے ریڈیو پاکستان کے ذریعہ "قرآن حکیم اور ہماری زندگی" کے عنوان سے کی ہیں۔ انداز بیان کی طرح تحریر بھی آسان، ناصحانہ اور مصلحانہ۔ انفرادی اور اجتماعی زندگی کے ہمہ پہلو عنوانات پر مختصر مگر جامع، سلیس اور آسان زبان میں روشنی ڈالی گئی



© rasailojaraid.com